Sociology - FA Part 1 Sociology Chapter 4 Short Questions Preparation

Q1. جسمانی تفاعل سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: جسمانی تفاعل سے مراد تفاعل کے لیے علامات یا زبان کا استعمال نہیں کرتے بلکہ اپنے جسمانی حرکات سکنات سے ایک دوسرے کی جسمانی یا دماغی و ذہنی حالت کو متاثر کرتے ہیں جیسے افراد کے مابین فٹ بال ہاکی کے میچ وغیرہ.

Q2. سماجی تفاعل کے ایف-ای-میرل کے مطابق تعریف کریں-

Ans 1: سماجی تفاعل ایک مسلسل اور دو طرفہ تعلق کا نام ہے- جو دو یا دو سے زیادہ سماجی تربیت یافتہ ادیبوں کے درمیان قائم ہوا.

Q3. قوم کی تعریف کریں.

Ans 1: ایسے معاشرے جس سیاسی طور پر خود مختار ہوں،قوم کہلاتے ہیں.

Q4. معاشرتی عمل کی تین مثالیں تحریر کریں.

Ans 1: 1.ڈاکٹر کے لیے اپنے مریض کا رعلاج کرنا یا آپریشن کرنا سماجی عمل ہے. 2.استاد کا اپنے شاگرد کو لیکچر دینا سماجی عمل ہے. 3.قومی انتخابات میں ووٹ ڈالنا سماجی عمل ہے.

Q5. معاشرتی تفاعل کے لوازمات تحریر کریں.

Ans 1: 1.فریقین کا موجود ہونا 2.ان میں سے کسی واقعہ یا عمل کا قائم ہونا 3.واقعہ یا عمل سے فریقین کی اندرونی یا بیرونی کیفیت کا متاثر ہونا.

Q6. معاشرتی عمل کی تعریف کریں.

Ans 1: ایک یا چند افراد کسی ایسے کام کو سر انجام دیں جس کا تعلق معاشرے کے افراد سے ہو معاشرتی فعل یعنی عمل کہلاتا ہے.

Q7. حبشی نسل کی خصوصیات بیان کریں.

Ans 1: حبچشی نسل کے لوگ کالے ہوتے ہیں،ناک چپٹی اور موٹی ،آنکھیں سیاہ اور نمایاں ،منہ کا دہانہ چوڑا اور ہونٹ موٹے واضح،بال گنھگریالے ہوتے ہیں.یہ لوگ دراز قد اور سڈول جسم کے مالک ہوتے ہیں.

Q8. سماجی عمل کی دو مثالیں لکھیں.

Ans 1: 1.آپس میں باہمی رابطہ قائم کرتے وقت اسلام علیکم کہنا سماجی عمل ہے جب کہ دوسری جانب سے وعلیکم السلام کے جواب کی توقع ہے. 2.چند افراد مل کر ایک بھاری چیز کو ایک جگہ سے اٹھا کر دوسری جگہ لے جاتے ہیں.

Q9. معاشرتی فعل کی تعریف کریں.

Ans 1: ایک یا چند افراد جب کسی ایسے فعل کو سرانجام دیں جس کا تعلق معاشرے کے افراد سے ہو،معازرتی فعل یعنی عمل کہلاتا ہے.

Q10. پنجابی ثقافت کے خواص بیان کریں.

Ans 1: 1.زیادہ تر لوگ زراعت کے پیشے سے وابستہ ہیں. 2.خواتین میں ملازمت و تعلیم مقبول ہے اور عورتوں کی تعلیم کی شرح زیادہ ہے.